# تناول ویلفیئر آرگنائزیشن (رجسٹرڈ)

چیریٹیز کمیشن خیبر پختنواہ سے منظور شدہ

پاکستان سینٹر فار فلن تھراپی سے تصدیق شدہ این۔جی۔او

رجسرڈ آفس:۔


الحاج اشرف پلازہ فرسٹ فلور، سپلائی بازار، ایبٹ آباد

## ادارہ جاتی کارگردگی رپورٹ

## برائے مالی سال 2023-2024

CS CamScanner

## چیرمین تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کا پیغام:



میسرز تناول ویلفیئر آرگنائزیشن اپنی عمر کے اس وقت آٹھویں سال میں ہے اور جب میں تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کی زندگی پر نظر دوڑاتا ہوں تو مجھے اس کی زندگی چند لمحوں جیسی لگتی ہے اور جب میں اس کی کامیابیوں کی طرف دیکھتا ہوں تو وہ مجھے ایک پہاڑ جیسی نظر آتی ہیں اور مجھے یہ دیکھ کر رشک آتا ہے۔ اتنے قلیل وقت میں اتنی بڑی کامیابیاں صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم ،ڈونرز کی فراخدلی، اپنی ٹیم کی انتھک محنت اور عام عوام کے بے پناہ اعتماد سے ہی مل سکتی ہیں۔ اللہ پاک سے دعا ہے کہ وہ اپنے حبیب ﷺ کے صدقے ان کامیابیوں اور کامرانیوں کا سفر جاری وساری رکھیں، آمین۔

**تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کی پاسداری**

**ہم سب کی ہے ذمہ داری**

**شکیل احمد تنولی**

**چیرمین**

**تناول ویلفیئر آرگنائزیشن**

## قائم مقام چیئرمین تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کا پیغام:



ہمارے چیئرمین صاحب کے سال میں بیشتر اوقات بیرون ملک ہونے کی وجہ سے پاکستان میں تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کی زیادہ تر ذمہ داریاں قدرت نے میرے سر پر ہی ڈالی ہوتی ہیں۔ در حقیقت یہی ویلفیئر کا وہ کام ہے جس نے سول سروس سے ریٹائرمنٹ کے بعد مجھے ایک نئے عزم والی زندگی بخشی ہے۔ گرمی ہو یا سردی، صبح ہو یا شام مجھے اپنی قابل فخر ٹیم کے ہمراہ ادارے کا ہر کام احسن طریقے سے کرنے کا بڑا لطف آتا ہے۔ ویلفیئر کے اس کام کے سلسلے میں اپنے لوگوں کے درمیان دن رات رہنا، میرے لیے کسی عبادت سے کم نہیں۔ اللہ تعالیٰ نے چاہا تو انسانی خدمت کا یہ سفر ہمارے ڈونرز، ممبران اور عوام الناس کے تعاون سے جاری و ساری رہے گا، انشاء اللہ!

**سید فیاض حسین شاہ**
**قائم مقام چیئرمین / وائس چیئرمین**
**تناول ویلفیئر آرگنائزیشن**



CamScanner

## چیف ایگزیٹو آفیسر تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کا پیغام:



اگرچہ میں تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کے بانی ممبران میں سے ہوں تاہم جناب **تناول** ویلفیئر آرگنائزیشن نے اپنی انتظامیہ کو پالیسی سازی سے علیحدہ کرنے کا اصولی فیصلہ کیا تو میرے دل میں یہ خیال آیا کہ میں کیوں نہ ادارے کی پالیسی کے بجائے انتظامی امور سنبھالوں اور یوں میں نے سات سال گورننگ باڈی میں رہنے کے بعد استعفیٰ دیا اور ادارے کے پہلے چیف ایگزیٹو آفیسر کے لیے درخواست دی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ایک مکمل قانونی اور ادارہ جاتی عمل کے بعد مجھے اس ادارے کا پہلا انتظامی سربراہ یعنی چیف ایگزیٹو آفیسر تعینات کیا گیا اور یوں میں نے یکم جنوری 2024 سے اپنا کام شروع کیا۔ مگر اس کے فوراً بعد طبیعت کی ناسازی کی وجہ سے میں اپنی ڈیوٹی سرانجام نہ دے سکا۔ انشاءاللہ صحتیابی کے فوراً بعد میں اپنا مجوزہ کام شروع کر دونگا۔ آپ لوگوں سے اپیل ہے کہ میری بحالی صحت کے لیے دعا کریں۔

**محمد خالد خان**
**چیف ایگزیٹو آفیسر**
**تناول ویلفیئر آرگنائزیشن**



CamScanner

## تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کی گورننگ باڈی کی واحد خاتون ممبر میڈم بشریٰ وحید کا پیغام:



اگر چہ میرا تعلق علاقہ تناول سے نہیں ہے، لیکن میں تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کی گورننگ باڈی کا ممبر ہونا اپنے لیے کسی اعزاز سے کم نہیں سمجھتی کیونکہ تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کا دائرہ اختیار صرف تناول تک محدود نہیں بلکہ پورا پاکستان ہے۔ ہزارہ ڈویژن جیسے ترقی پزیز علاقوں میں اس طرح کی این۔جی۔او کا کام کرنا نہ صرف لوگوں کے لیے بلکہ مقامی، صوبائی اور وفاقی حکومت کے لیے بھی ایک اچھی اور حوصلہ افزا خبر ہے۔ میں بالخصوص ہزارہ ڈویژن سے تعلق رکھنے والی خواتین سے درخواست کروں گی کہ وہ تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کو کامیاب کرنے کے لیے آگے آئیں اور ہمارے ساتھ کام کریں۔

بشریٰ وحید
ممبر گورننگ باڈی
تناول ویلفیئر آرگنائزیشن



CamScanner

## [illegible] تنولی کا پیغام:




میں بحیثیت وکیل، میسرز تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کے ساتھ قانونی معاون کی حیثیت سے منسلک ہوں اور جب اس ادارے کو قانونی معاونت کی ضرورت ہوتی ہے تو میں بغیر کسی معاوضے کے معاونت دیتا ہوں۔ میں تناول ویلفیئر آرگنائزیشن جیسے خیراتی ادارے کے ساتھ کام کرنا اپنے لیے کسی سعادت سے کم نہیں سمجھتا اور مجھے ہر عام وخاص کو یہ بتاتے ہوئے بے پناہ خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ تناول ویلفیئر آرگنائزیشن اپنی رجسٹریشن سے لے کر آج تک تمام لوکل، صوبائی، وفاقی اور عالمی قوانین اور معیارات کی بھرپور پاسداری کر رہی ہے۔

**افتخار احمد تنولی، ایڈووکیٹ**
**لیگل ایڈوائزر**
**تناول ویلفیئر آرگنائزیشن**



CamScanner

## تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کی درجہ بندی:



تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کا ویژن، مشن، مقاصد اور اقدار:-

| |
|---|
| **اولین مقصد(Vision)** |
| تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کی سوچ اور اولین مقصد یہ ہے کہ متحد ہو کر اور پیشہ ورانہ احتیاط کے ساتھ ہزارہ ڈویژن کے تمام دیہی علاقوں کو محفوظ ایمبولیس سروس فراہم کی جائے۔ |
| **قلیل مدتی مقصد(Mission)** |
| تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کا قلیل مدتی مقصد یہ ہے کہ تناول کے دیہی علاقوں کے لوگوں کو ہفتہ کے سات دن، ہر دن کے 24 گھنٹے فوری، محفوظ اور سستی ایمبولیس سروس مہیہ کی جائے۔ |
| **اہم مقاصد:** |

| | |
|---|---|
| ضرورت مندوں کی 24 گھنٹے ایمبولینس سروس مہیہ کرنا۔ | (1) |
| معذور افراد کی امداد کرنا | (2) |
| غریب ذہین طلباء کی مدد کرنا | (3) |
| دیگر ذیلی فلاحی کام کرنا | (4) |

**اقدار:**

| | | |
|---|---|---|
| T : | Transparency | شفافیت |
| W : | Welfare | انسانیت کی خدمت |
| O : | Organized Manner | منظم طریقے سے |

## تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کے بارے میں اہم معلومات

| | |
|---|---|
| انتظامی سربراہ | زاہد خان (سی۔ای۔او)<br>(ان کی عدم موجودگی میں انتظامی سربراہ)<br>محمد شوکت تنولی، سیکرٹری لیگل تناول ویلفیئر آرگنائزیشن |
| ادارے کی رجسٹریشن کی تفصیلات | رجسٹریشن نمبر 7249/5/8981<br>بتاریخ 20-01-2017 |
| رجسٹرڈ آفس | الحاج اشرف پلازہ فرسٹ فلور، سپلائی بازار، ایبٹ آباد |
| آفس کا نمبر | 0992-341979/ 0345-5477733 |
| این۔جی۔او کی فیلڈ | صحت |
| فیلڈ کا موضوع | مریضوں، زخمیوں اور مستحق خاندانوں کی مدد |
| آڈیٹر فرم کا نام | ناصر جاوید، مقصود عمران، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، اسلام آباد |
| گورننگ باڈی کا سربراہ | شکیل احمد تنولی |
| منسلک اکاؤنٹس کی تعداد | 01 |
| کیو۔سی۔آر آف اڈیٹر | Yes |
| ٹوٹل سٹاف | 09 |
| ویب سائٹ ایڈریس | www.two.org.pk |
| قانونی مشیر | افتخار احمد تنولی ایڈووکیٹ |



CamScanner

## تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کی ایمبولینسز کی سروس ڈیلیوری رپورٹ:

| | |
|---|---|
| ٹوٹل گاڑیاں جو ادارہ جاتی کاموں میں مصروف رہیں: | 6 گاڑیاں |
| کل سفری سہولت جو مریضوں کو مہیا کی گئی: | 56693 کلومیٹرز |
| بالکل فری سفری سہولت انتہائی مستحق یا حادثہ کے شکار لوگوں کو مہیا کی گئی: | 4593 کومیٹرز |
| وہ سفری سفری سہولت جس کا ٹوکن کرایہ لیا گیا: | 52100 کلومیٹرز |
| ٹوٹل مریض جن کو یہ سفری سہولت میسر کی گئی: | 893 مریض |
| آخری سال جن مریضوں کو سہولت فراہم کی گئی: | 650 مریض |
| 2023-2024 کے دوران خدمات میں بڑھوتی کی رفتار: | 33 فیصد |

یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ ادارے کا جو ٹوکن کرایہ بھی ہے، وہ اسی سیکٹر میں کام کرنے والی دوسری ان۔جی۔اوز کی نسبت بہت کم ہے۔



تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کی تمام پروگراموں کے حوالے سے پرفارمنس:

| پروجیکٹ اور پروگرام کا نام | پروگرام کا خرچ | پروگرام سے مستفید ہونے والوں کی تعداد |
|---|---|---|
| ایمبولینس سروس | 1810000 (تقریبا) | 893 |
| وہیل چیئر کی تقسیم | 125000 | 12 |
| بچوں کے لیے کاپیاں | 30000 | 500 |
| مستحقین کو زکوۃ کی ادائیگی | 360000 | 72 |
| ہنگامی امداد | 160000 | 08 |

## تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کی پاکستان سینٹر فار فلن تھراپی سے تصدیق:



پاکستان سینٹر فار فلن تھراپی جو کہ وزارت اقتصادی امور، حکومت پاکستان کی منظور شدہ پاکستان کی واحد ایجنسی ہے جو پاکستان میں کام کرنے والی این۔جی۔اوز کی باضابطہ عالمی معیار کے مطابق تصدیق کرتی ہے۔ تناول ویلفیئر آرگنائزیشن نے اس ادارے میں تصدیق کے لیے باقاعدہ درخواست دی اور پی۔سی۔پی نے 3 ماہ کے تفصیلی تجزیے کے بعد اکتوبر 2023 میں ادارے کی باقاعدہ این۔جی۔او ہونے کی تصدیق کر دی۔ پی۔سی۔پی پاکستان میں کام کرنے والی لاکھوں این۔جی۔اوز میں سے ابھی تک صرف 3000 این۔جی۔اوز کی تصدیق کر چکا ہے۔
الحمد اللہ پی۔سی۔پی کی اس تصدیق کے بعد تناول ویلفیئر آرگنائزیشن اب ایدھی فاونڈیشن، چھیپا فاونڈیشن اور شوکت خانم موریل ٹرسٹ جیسی این۔جی۔اوز کی صف میں کھڑی ہو گئی ہے اور یہ یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ یہ علاقہ تناول کی واحد این۔جی۔او ہے جس کی پی۔سی۔پی تصدیق کر چکا ہے۔

محمد شوکت تنولی

سیکرٹری لیگل

تناول ویلفیئر آرگنائزیشن

### زکوۃ کی باقاعدہ وصولی اور شریعت کے مطابق اس کا خرچ:

تناول ویلفیئر آرگنائزیشن نے 2024-2023 میں پہلی دفعہ زکوۃ کی باقاعدہ وصولی کا کام شروع کیا اور زکوۃ کی رقم کا علیحدہ حساب رکھا گیا۔ پہلے ہی سال تناول ویلفیئر آرگنائزیشن نے ریکارڈ 341000 روپے زکوۃ کی مد میں وصول کیے اور بعد میں ساری رقم شریعت محمدی ﷺ کے مطابق مستحق لوگوں میں تقسیم کی گئی۔ زکوۃ کی رقم کا ایک پیسہ بھی کسی غیر مستحق فرد یا کام کے لیے استعمال نہیں ہوا اور 100٪ رقم شرعی اصولوں کے مطابق مستحقین میں تقسیم کی گئی۔



CamScanner

## تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کی ایمبولینس سروسز کی مکمل تفصیلات:

تناول ویلفیئر آرگنائزیشن نے جنوری 2017 سے لے کر جون 2024 تک مختلف مقامات پر 9 ایمبولینسز کا افتتاح کر چکی ہے۔ ان میں سے آٹھویں ایمبولینسز کا افتتاح 30 جون 2024 تک ہوا اور نویں ایمبولینس کا افتتاح جولائی 2024 میں ہوا۔ ان میں سے ایک ایمبولینس 2020 میں حادثہ کا شکار ہو گئی تھی جسکے بعد اسے سکریپ کے طور پر نیلام کر دیا گیا۔ اس وقت ادارے کی اپریشنل ایمبولینسز کی کل تعداد 8 ہے، لیکن چونکہ یہ رپورٹ صرف 30 جون تک کی ہے اس لیے اس عرصہ میں یہ تعداد 7 تھی اور 7 ان میں سے بھی لاہور والی ایمبولینس کا افتتاح مالی سال کے آخری دن ہوا اس لیے ادارے کی سالانہ پراگریس میں اس کی کارکردگی شامل نہیں ہے۔

ادارے کی 2024-2023 میں اپریشنل ایمبولینسز کی تفصیل درج ذیل ہے:-

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | پانڈو تھانہ ایمبولینس سروس تحصیل و ضلع ایبٹ آباد | |
| | گاڑی نمبر اور ماڈل | ATD-7415 / 2018 |
| | بنیادی اسٹیشن | پانڈو تھانہ |
| | ملحقہ ویلج کونسلز | کاکوٹ، پاواہ، کوٹھیالہ، پانڈو تھانہ، گرامڑی، ریچھ بہن |
| | اپریٹر کا نام | محمد عاقب |
| | موبائل نمبر | 0310-5659716 |

| | | |
|---|---|---|
| -2 | کھوکھر میرا ایمبولینس سروس تحصیل و ضلع ایبٹ آباد | |
| | گاڑی نمبر اور ماڈل | FX-154-IBD / 2018 |
| | بنیادی اسٹیشن | موٹروے انٹرچینج |
| | ملحقہ ویلج کونسلز | سلہڈ، کھوکھر میرا، گوہر آباد، لنگرہ |
| | اپریٹر کا نام | اورنگزیب |
| | موبائل نمبر | 0310-1871106 |
| -3 | شیروان / بچھاہ ایمبولینس سروس تحصیل لوہر تناول ضلع ایبٹ آباد | |
| | گاڑی نمبر اور ماڈل | HRB-3376 / 2019 |
| | بنیادی اسٹیشن | بچھاہ کلاں |
| | ملحقہ ویلج کونسلز | شیروان، پنڈ گلی، بچھاہ، تندبارہ |
| | اپریٹر کا نام | محمد عاطف اقبال |
| | موبائل نمبر | 0333-5033153 |
| -4 | کوٹنالی ایمبولینس سروس تحصیل لوہر تناول ضلع ایبٹ آباد | |
| | گاڑی نمبر اور ماڈل | HR-3307 / 2018 |
| | بنیادی اسٹیشن | کوٹنالی |
| | ملحقہ ویلج کونسلز | کوٹنالی، ٹکوتری، جرل |
| | اپریٹر کا نام | عادل محمود |
| | موبائل نمبر | 0332-2172298 |

CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| 5- | بیڑ ایمبولینس سروس تحصیل و ضلع ہری پور | |
| | گاڑی نمبر اور ماڈل | HRB-3321 / 2018 |
| | بنیادی اسٹیشن | بیڑ |
| | ملحقہ ویلج کونسلز | بیڑ، چنتری، کنگر امگاہ |
| | اپریٹر کا نام | محمد عامر |
| | موبائل نمبر | 0341-5234045 |
| 6- | ٹلہیالہ ایمبولینس سروس تحصیل و ضلع ہری پور | |
| | گاڑی نمبر اور ماڈل | AVV-356-IBD / 2021 |
| | بنیادی اسٹیشن | ٹلہیالہ |
| | ملحقہ ویلج کونسلز | سوہا، ٹلہیالہ، ایڑاں، کنگر امگاہ |
| | اپریٹر کا نام | محمد اشرف |
| | موبائل نمبر | 0336-5756238 |
| 7- | لاہور ایمبولینس سروس پنجاب | |
| | گاڑی نمبر اور ماڈل | LES-1085 / 2010 |
| | بنیادی اسٹیشن | شیخ زاہد ہسپتال لاہور |
| | اپریٹر کا نام | محمد عمران |
| | موبائل نمبر | 0346-0354448/0340-4227077 |



CamScanner

## تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کو زمین عطیہ کرنے والے معزز ڈونرز:

(1) **جناب خالد خان ولد تاج محمد موضع کھلورہ خورد**



خالد خان ولد تاج محمد ایک ریٹائرڈ سول سرونٹ ہیں اور انھوں نے تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کو 5 کنال زمین برلب شیروان روڈ موضع اتلا کھلورہ تحصیل لوئر تناول ضلع ایبٹ آباد 2017 / 2016 میں عثمان غنی شہید کے نام سے ہسپتال بنانے کے لیے عطیہ کی۔اس زمین کا مکمل قبضہ تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کے پاس ہے اور جوں ہی ادارے کے پاس مناسب رقم ہوئی تو اس ہسپتال کا کام شروع کیا جائے گا، انشاء اللہ!

(2) **جناب شیر بہادر تنولی ولد فقیر خان ساکنہ بچھاہ کلاں**



شیر بہادر خان بھی ایک ریٹائرڈ سول سرونٹ ہیں اور انھوں نے خالد خان کی 5 کنال کی زمین سے ملحقہ اپنی 2 کنال کی اراضی بھی اسی مقصد کے لیے تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کو 2018-2017 میں عطیہ کر دی۔شیر بہادر خان موضع کھلورہ کے نمبر دار اور تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کے اعزازی سرپرست اعلیٰ بھی ہیں۔

## تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کے لیے گاڑیاں عطیہ کرنے والے معزز ڈونرز:

| | | |
|---|---|---|
| (1) | جناب الحاج حواج خان |  |
| | گاڑی نمبر اور ماڈل | ATD-7415 /2018 |
| | عطیہ کرنے کی تاریخ | 13-05-2018 |
| | بنیادی مقام، جہاں ایمبولنس موجود رہتی ہے | پانڈو تھانہ |
| | مستفید ہونے والی ویلج کونسل کے نام | کاکوٹ، پاوا، کوٹھیالہ، پانڈو تھانہ، گرامڑی، ریچھ بہن |
| | ڈرائیور کا نام | محمد عاقب |
| | موبائل نمبر | 0310-5659716 |

| | | |
|---|---|---|
| (2) | جناب مہربان خان تنولی |  |
| | گاڑی نمبر اور ماڈل | FX-154-1BD |
| | عطیہ کرنے کی تاریخ | 18-04-2018 |
| | بنیادی مقام، جہاں ایمبولنس موجود رہتی ہے | کھوکھر میرا |
| | مستفید ہونے والی ویلج کونسل کے نام | سلہڈ، کھوکھر میرا، گوہر آباد اور لنگرہ |
| | ڈرائیور کا نام | اورنگزیب |
| | موبائل نمبر | 0310-1871106 |



CS CamScanner

(3

| | |
|---|---|
| ماسٹر علی حیدر صاحب آف پنڈ کر گو خان |  |
| گاڑی نمبر اور ماڈل | HRB-3376 / 2019 |
| عطیہ کرنے کی تاریخ | 05 ستمبر 2019 |
| بنیادی مقام، جہاں ایمبولنس موجود رہتی ہے | شیر وان |
| مستفید ہونے والی ویلج کونسل کے نام | شیر وان، پنڈ کر گو خان، بچھاہ، پنڈ گلی |
| ڈرائیور کا نام | محمد عاطف اقبال |
| موبائل نمبر | 0333-5033153 |

(4)

| | |
|---|---|
| طارق خواج خان آف ٹلہیالہ | |
| گاڑی نمبر اور ماڈل | AVV-356-IBD / 2021 |
| عطیہ کرنے کی تاریخ | 17 اگست 2023 |
| بنیادی مقام، جہاں ایمبولنس موجود رہتی ہے | ٹلہیالہ |
| مستفید ہونے والی ویلج کونسل کے نام | سوہا، ٹلہیالہ، ایڑاں، کنگر امگاہ |
| ڈرائیور کا نام | محمد اشرف |
| موبائل نمبر | 0336-5756238 |

CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| (5) | محمد سجاد خان تنولی | |
| | گاڑی نمبر اور ماڈل | HR-3307 / 2018 |
| | عطیہ کرنے کی تاریخ | 2023 |
| | بنیادی مقام، جہاں ایمبولنس موجود رہتی ہے | کوٹنالی |
| | مستفید ہونے والی ویلج کونسل کے نام | کوٹنالی، ٹکوتری، جرل |
| | ڈرائیور کا نام | عادل محمود |
| | موبائل نمبر | 0332-2172298 |

## تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کے مالی سال 2023-2024 کے معزز ڈونرز:

| | |
|---|---|
| شکیل احمد تنولی | 1188280 |
| فیاض حسین شاہ | 302000 |
| قیصر اکاش | 253700 |
| محمد شوکت تنولی | 151000 |
| ساجد بشیر | 140000 |
| جہانزیب صاحب | 75000 |
| بشریٰ وحید | 71500 |
| طارق خواج صاحب | 70000 |
| نوید لودھی | 70000 |
| ذکار خان تنولی | 61000 |
| خالد خان آف مکری | 50000 |
| احسان الحق | 50000 |
| عبدالسلام صاحب | 45000 |
| انیلہ بی بی | 30000 |
| عبدالشکور صاحب | 30000 |
| زاہد خان | 24000 |
| امجد صاحب | 21000 |
| **ٹوٹل رقم** | **2632480** |

## پالیسی سازی اور انتظامی امور کی علیحدگی:

پاکستان سینٹر فار فلن تھراپی اسلام آباد کی سفارشات کی روشنی میں تناول ویلفیئر آرگنائزیشن نے 2024-2023 کے دوران یہ اصولی فیصلہ کیا کہ ادارے کے انتظامی امور گورننگ باڈی کے بجائے نو منتخب انتظامیہ چلائے گی اور یہ پراسس آہستہ آہستہ مکمل کیا جائے گا۔ اس وجہ سے ادارے نے سب سے پہلے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور جنرل منیجر کی پوسٹوں کی منظوری دی اور پھر میرٹ پر اور قانون کے مطابق چیف ایگزیکٹو آفیسر کی تعیناتی جنوری 2024 میں کر دی گئی اور پھر جنرل منیجر کی تقرری بھی کر دی۔ اسی طرح آہستہ آہستہ اور بوقت ضرورت یہ پراسس مکمل کر کے گورننگ باڈی کو انتظامی امور سے دور کر دیا جائے گا تاکہ وہ انتظامی امور کے بجائے پالیسی سازی پر مکمل توجہ دے سکیں۔



CamScanner

## تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کا جھولا پروگرام:

مقامی میڈیا میں نامعلوم نومولود بچوں کی مختلف گندگی کے ڈھیروں سے برآمدگی کی خبروں کا نوٹس لیتے ہوئے تناول ویلفیئر آرگنائزیشن نے ایبٹ آباد شہر کے دل میں رحمان الیکٹرانکس کے باہر اپنا جھولا 2023-2022 کے دوران نصب کیا۔ رحمان الیکٹرانکس جو ممتاز قانوندان مسعود الرحمن ایڈووکیٹ کی ذاتی ملکیت ہے اور جھولے کے نصب کرنے کے لیے انہوں نے اپنی شاپ میں یہ جگہ تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کو فری مہیہ کی اور اس کے ساتھ ساتھ مسعود الرحمان صاحب ذاتی طور پر اس جھولے کی مفت دیکھ بھال کے فرائض بھی سرانجام دے رہے ہیں۔ اسکے علاوہ بھی مسعود الرحمن صاحب، تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کے تمام پروگرامز میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں۔



CamScanner

## ایمبولینس سروسز کے حوالے سے تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کا ایک اہم سنگ میل:



تناول ویلفیئر آرگنائزیشن نے جنوری 2017 سے رجسٹریشن کے بعد پہلے ضلعی سطح پر کام شروع کیا اور ضلع ایبٹ آباد میں اپنی 3 ایمبولینس کا آغاز کیا۔ اس کے بعد مئی 2021ء میں ادارے نے ضلع ہری پور کے قصبے بیڑ میں اپنی پہلی بین الاضلائی سروس شروع کی اور اس کے بعد ادارے نے 30 جون 2024 کو اس وقت ایک تاریخ رقم کر دی جب اس نے لاہور سے ہزارہ ڈویژن کے لیے پہلی بین الصوبائی سروس شروع کی۔ یوں 2023-2024 کے دوران تناول ویلفیئر آرگنائزیشن نے بین الضلائی سے بین الصوبائی ایمبولیس سروس مہیہ کرنے والی این۔جی۔او کا سٹیٹس حاصل کر لیا۔ اس اہم کامیابی میں سب سے اہم کردار ہماری ریجنل باڈی، لاہور کا ہے جنکی کاوش سے ادارے نے ایک نئی تاریخ رقم کی۔

ذکار احمد تنولی

ٹرانسپورٹ سکریٹری

## 2024-2025 کے سالانہ میگزین کا ایک پیشگی صفحہ:



14 جولائی 2024 بروز اتوار کو لکھالہ میں ایک پروقار تقریب منعقد کی گئی جس کے مہمان خصوصی چیف آف تناول کے فرزند ارجمند اور تحصیل ناظم اوگی جناب نوابزادہ حسام صلاح الدین تھے اس تقریب میں تناول ویلفیئر آرگنائزیشن نے اپنی نویں ایمبولینس کا افتتاح کیا۔ یہ ایمبولینس لکھالہ کے ایک سماجی نوجوان قیصر اکاش خان نے عطیہ کی۔ قیصر اکاش خان پچھلے 3 سال سے تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کے ساتھ روالپنڈی اسلام آباد کے علاقائی صدر کی حیثیت سے بڑی جانفشانی سے کام کر رہے ہیں۔ اس ایمبولینس کے علاوہ بھی قیصر اکاش خان تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کے ساتھ ماہانہ بنیادوں پر بڑی فراخدلی کے ساتھ مکمل تعاون کرتے رہتے ہیں۔ اللہ تعالی اس کار خیر کا اجر و ثواب قیصر اکاش خان کی فیملی کے تمام زندہ اور مرحومین کو پہنچائیں، آمین۔ چونکہ

یہ شاندار ایمبولینس عطیہ کرنے کی تقریب مالی سال 2024-2025 کے دوران منعقد کی گئی ہے اس لئے اس گاڑی کی مکمل تفصیلات 2024-2025 کے کتابچے میں شائع کی جائے گی۔

یہ ایک پیشگی صفحہ 2023-2024 کی کتاب میں گورننگ باڈی کی منظوری سے چھاپا گیا ہے۔



محمد شوکت تنولی

سیکرٹری لیگل

تناول ویلفیئر آرگنائزیشن

## مالی سال 2023-2024 کے نمایاں اعلانات:



(1) 30 جون 2024 کو لاہور ایمبولینس کے افتتاح کے موقع پر جناب خان محمد تنولی آف بحرین جن کا تعلق کروڑی تحصیل اوگی ضلع مانسہرہ سے ہے، انہوں نے تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کے لیے مبلغ 10 لاکھ روپے عطیہ کرنے کا اعلان کیا۔

(2) اسی پروگرام میں جناب خالد خان آف ککری، جو کہ اس ادارے کے پرانے ڈونر ہیں، انہوں نے مبلغ 5 لاکھ روپے عطیہ کرنے کا اعلان کیا اور بعد ازاں یہ رقم ادارے کو ادا کر دی گئی۔

اللہ تعالیٰ! دونوں معزز ڈونرز کے رزق میں بے پناہ اضافہ فرمائیں، آمین۔

امجد الرحمان

جنرل سیکرٹری

## تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کا آئین قانون اور ضوابط:-

(1) تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کا آئین

(2) تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کے رولز

(3) تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کی پروکیورمنٹ پالیسی برائے 2023

(4) تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کی ویمن ھراسمینٹ رولز 2023


(5) تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کی وھیل چیئر پالیسی آف 2023

(6) تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کے آپریٹرز ریوارڈ رولز 2024

(7) تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کے سیونگ مشین رولز 2024

CamScanner

# تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کی گورننگ باڈی ممبرز:

| | | |
|---|---|---|
|  |  | |
| شکیل احمد تنولی، چیئرمین | سید فیاض حسین شاہ، وائس چیئرمین | |
|  |  |  |
| نذیر احمد، فنانس سیکرٹری | عادل سفیر، ڈپٹی فنانس سیکرٹری | محمد شوکت، سیکرٹری لیگل |
|  |  |  |
| امجد الرحمان، جنرل سیکرٹری | وقار خان تنولی، انفارمیشن سیکرٹری | بشریٰ وحید، آفس سیکرٹری |
|  |  |  |
| ڈاکٹر فدا خان تنولی، سیکرٹری کوارڈینیشن | ذکار احمد، سیکرٹری ٹرانسپورٹ | راجہ جارج زمان، جوائنٹ سیکرٹری |

## تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کے ایمبولینس اپریٹرز:



محمد عاطف اقبال

آپریٹر شیروان / بچھاہ ایمبولینس سروس



محمد عمران

آپریٹر، لاہور ایمبولینس سروس



عادل محمود خان تنولی

آپریٹر، کوٹنالی ایمبولینس سروس



شہریونس

آپریٹر، لکھالہ ایمبولینس سروس



محمد اشرف

آپریٹر، تلیالہ ایمبولینس سروس



محمد عاقب

آپریٹر، پانڈہ، تونہ ایمبولینس سروس



محمد عامر

آپریٹر بیڑ ایمبولینس سروس

## تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کی فوٹو گیلری:۔











CamScanner

تناول ویلفیئر آرگنائزیشن کی فوٹو گیلری:-











CamScanner










CamScanner